علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ اردو)

وارننگ

عزیز طلبہ ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1. اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔
2. کسی دوسرے سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: اردو نثر کے اسالیب (9019) سمسٹر: بہار 2026

سطح: بی ایس اُردو

(ہدایت نامہ برائے طلبہ)

براہ مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔ (ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1۔ تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں، البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔
2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔
3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔
4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (PDF یا Word فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔
5۔ مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی، جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہو گا۔
6۔ آپ کے تجزیاتی اور تنقیدی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔
7۔ غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ: 1تا5)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

سوال نمبر1۔ اسلوب کے تشکیلی عناصر پر مفصل نوٹ لکھیے۔ (20)

سوال نمبر2۔ وجہی کی "سب رس" اپنے دور کے معاشرتی رجحانات کی کس حد تک عکاسی کر سکی ہے؟ مفصل لکھئے۔ (20)

سوال نمبر3۔ اُردو میں غالب شگفتہ مکتب نگاری کے موجد کیوں تسلیم کئے جاتے ہیں؟ مفصل اظہار خیال کیجئے۔ (20)

سوال نمبر4۔ سر سید احمد خان کے اسلوب کی سادگی میں کھردرا پن نمایاں ہے۔ مضامین سر سید کو پیش نظر رکھ کر بحث کیجیے۔ (20)

سوال نمبر5۔ سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حوالے سے شبلی نعمانی کے اسلوبِ نثر کی خصوصیات بیان کیجیے۔ (20)

امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ: 6تا9)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

سوال نمبر1۔ آپ کے خیال میں خطوط نگاری کی سب سے نمایاں جہت کون سی ہے؟ ادبی، تاریخی، لسانی، یا سوانحی؟ کسی ایک جہت کی اہمیت دلائل کے ساتھ واضح کریں۔ (20)

سوال نمبر2۔ مولانا محمد حسین آزاد کی نثر میں شعریت نمایاں ہے۔ نیز تمثیل اور مرقع بھی ان کے اسلوب کے نمایاں اوصاف ہیں۔ تبصرہ کیجیے۔

(20)

سوال نمبر3۔ الطاف حسین حالی کی نثر نے اردو ادب پر گہرے اثرات مرتب کیے ہیں، دلائل سے ثابت کیجیے۔ (20)

سوال نمبر4۔ مولانا ابوالکلام آزاد کے اسلوب کے نمایاں اوصاف پر مفصل نوٹ لکھیے۔ (20)

سوال نمبر5۔ علی گڑھ نے مختار مسعود کے اسلوب پر ان مٹ نقوش چھوڑے ہیں، اس رائے پر اظہار خیال کیجیے۔ (20)